6831 ـ زمزم کے کیافائدے ہیں

سوال

زمزم کے فائدے کیا ہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

زمزم وہ عظیم چشمہ ہے جوجبریل امین علیہ السلام کے پرمارنے سے نکلا (صحیح بخاری حدیث نمبر 3364) اوریہی وہ پانی ہے جواللہ تعالی نے اسماعیل علیہ السلام اوران کی والدہ کوپلایا تھا ، اوریہی وہ پانی ہے جس سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دل دھویا گیا ۔

ماءزمزم کی فضیلت میں کئ ایک احادیث وارد ہیں ذیل میں ہم ان میں سے کچھ کا ذکر کرتے ہیں :

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(زمین پرسب سے اچھا پانی زمزم ہے جو کھانوں میں ایک کھانا اور بیماریوں سے باعث شفا ہے) صحیح الجامع حدیث نمبر (3302) ۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ انہوں نے زمزم پیا اوراس سے وضوء کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے سرپر بھی بہایا ، اورنبی صلی اللہ علیہ وسلم مشکیزوں اوربرتنوں میں بھر کرلےجاتے اوربیمارلوگوں پربہاتے اورانہیں پلاتے تھے ۔ دیکھیں السلسلۃ الصحیحۃ حدیث نمبر (883) ۔

ایک صحابی رضي اللہ تعالی عنہ کا کہنا ہے کہ ہم زمزم کو شباعا (پیٹ بھردینے والا) کانام دیتے تھے ، اورہم اسے اہل وعیال کے لیے اچھا معاون ومددگار پاتے تھے (یعنی جوان کا پیٹ بھردیتا اورکھانے سے کفایت کرتااوراولاد کے لیے بھی کافی ہوتا تھا) ۔ دیکھیں السلسلۃ الصحیحۃ حدیث نمبر (2685) ۔

اورنبی صلی اللہ علیہ وسلم زمزم کےبارہ میں فرمایا کرتے تھے (زمزم اسی چیزکے لیے ہے جس کے لیے اسے نوش کیا جائے) سنن ابن ماجۃ حدیث نمبر (3062) یہ حدیث حسن درجہ کی ہے ۔

علماء کرام اورصلحاء عظام نے اس کا تجربہ بھی کیا ہے کہ یہ جس نیت سے پیا جائے وہ پوری ہوتی ہے جن میں

مریض کی شفایابی ، اورفقیری اورمصائب کا خاتمہ اورضروریات کی فراہمی شامل ہے وغیرہ ان سب اشیاء میں اللہ تعالی آسانی پیدا فرماتا ہے ۔

واللہ اعلم .